تبصرے

مقامات خیر از مولانا شاہ ابوالحسن زید فاروقی، تقطیع کلاں، ضخامت ۸۰۰ صفحات، کتابت و طباعت اعلیٰ، قیمت مجلد درج نہیں۔ پتہ: درگاہ شاہ ابوالخیر، شاہ ابوالخیر مارگ، دہلی - ۶۔

حضرت شاہ محی الدین عبداللہ ابوالخیر مجددی فاروقی رحمۃ اللہ علیہ سلسلۂ مجددیہ کے ایک نہایت بلندپایہ عالم اور صاحب طریقت و معرفت بزرگ تھے جو دلی میں آکر مقیم ہوگئے تھے اور یہیں ۱۶ فروری ۱۳۴۱ھ ۱۹۲۳ء کو وفات پائی، دلی کے بازار چتلی قبر میں درگاہ شاہ ابوالخیر آپ کے ہی نام سے منسوب اور مرجع عوام و خواص ہے، یہ کتاب آپ کے ہی حالات و سوانح میں ہے، چونکہ اس کے مصنف خود حضرت شاہ صاحب کے فرزند ارجمند ہیں جو الولد سِرٌّ لابیہ کے مطابق علم و فضل، وسعت مطالعہ، دقّتِ نظر، ورع و تقویٰ اور اخلاق و شمائل میں پدر بزرگوار کے صحیح جانشین ہیں اس لئے ظاہر ہے اس کتاب کے لکھنے کا حق آپ کے سوا اور کس کو پہونچ سکتا تھا۔ چنانچہ جو جامعیت، جزئیات کا استیعاب و استقصا اور مستند معلومات اس کتاب میں ہیں اس موضوع پر کسی دوسری کتاب میں ہرگز نہیں ہوسکتیں حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی نویں پشت میں شاہ ابوالخیر صاحب کے جد امجد تھے اس لئے کتاب دو حصوں میں تقسیم ہے، پہلے حصہ میں حضرت مجدد سے لے کر شاہ محمد عمر (والد ماجد شاہ ابوالخیر صاحب) تک سلسلہ وار نو بزرگوں کے حالات و سوانح، فضائل و مناقب اور علمی کمالات بیان کئے گئے ہیں، اس کے بعد دوسرا حصہ صاحب سوانح شاہ ابوالخیر صاحب کے تذکرہ و ترجمہ کے لئے مخصوص ہے، اس میں شاہ صاحب کے حالات و سوانح، علمی و عملی کمالات، عبادات و ریاضات،